سبق 23

اللہ کا شکر

سورہ فاتحہ کے بہت سارے نام ہیں جن میں سے ایک "اَلْحَمْد" (تعریف) بھی ہے۔

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ ﴿2﴾
تمام تعریفیں اور شکر	اللہ کے لیے	(جو) رب ہے	تمام جہانوں کا

اَلْحَمْدُ: کے دو معنی ہیں: تعریف اور شکر۔

- تعریف: اللہ بہت بڑا اور بہت مہربان ہے، وہ بہت طاقت و قدرت والا ہے۔ وہ ہر چیز کو جانتا ہے اور کوئی چیز اس سے چھپی ہوئی نہیں ہے، اس لیے ہمیں اللہ ہی کی تعریف کرنی چاہیے۔
- شکر: اے اللہ! تیرا شکر ہے کہ تو نے ہمیں ماں باپ، گھر، کھانا، دوست اور ہر نعمت عطا کی۔
- لِلّٰهِ: اس میں دو لفظ ہیں: "لِ" اور "اللہ"۔ لِ کا مطلب ہے "لیے"۔ لِلّٰهِ یعنی "اللہ کے لیے"۔
- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ: جتنا زیادہ ہم اللہ کا شکر ادا کریں گے اللہ اتنا زیادہ عطا کرے گا۔ اس لیے سچے دل سے اللہ کی تعریف اور اس کا شکر ادا کرنا چاہیے۔
- رَبّ: جو ہمارا خیال رکھتا ہے اور پرورش کرتا ہے۔ وہ ہم سب کے لیے غذا، مکان اور کپڑے فراہم کرتا ہے جس کی وجہ سے ہم اپنی زندگی کو سکون و اطمینان کے ساتھ گذارتے ہیں۔ وہی ہے جو ہر معلوم و نا معلوم نقصان سے ہماری حفاظت کرتا ہے۔
- رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ: اللہ تمام جہانوں کا رب ہے۔ جیسے کہ انسان، جنات، فرشتے، درخت پہاڑ وغیرہ۔
- اے اللہ! بے شک آپ سب سے بڑے ہیں اور پوری کائنات آپ ہی کے حکم سے چلتی ہے۔

الفاظ اور معانی کی جوڑیاں بنائیے

الفاظ	معانی
اَلْحَمْدُ	اللہ کے لیے
لِلّٰهِ	تمام جہانوں کا
رَبِّ	تمام تعریفیں اور شکر
اَلْعٰلَمِيْنَ	رب

www.understandquran.com